2025-03-16

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکز نے تمل ناڈو میں Pillai Pakkam اور Manallur میں دو بڑے الیکٹرانِکس کلسٹرس کے قیام کا اعلان کیا ہے۔

2- مالیاتی خدمات سے متعلق فرم Morgan Stanley نے کہا ہے کہ بھارت جرمنی کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 2028 تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔

3- اگلے سال یومِ جمہوریہ کے موقع پر اعلان ہونے والے پدم ایوارڈز 2026 کے لیے نامزدگیوں کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

4- میانما میں جمہوریت حامی مزاحمتی گروپ پر فوج کی طرف سے کیے گئے ہوائی حملے میں کم از کم 27 ہلاک اور 30 زخمی ہو گئے۔

5- کشمیر وادی میں، پھر سے برفباری ہوئی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے آج اُڈیشہ میں گرم لہر کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور کرکٹ میں ممبئی انڈینس نے ڈیلی کیپیٹلس کو 8 رن سے ہرا کر خواتین کا دوسرا پریمیر لیگ کا خطاب جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Vaishnaw TN

الیکٹرونکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے تملناڈو میں دو بڑے الیکٹرونکس مینوفیکچرنگ کلسٹرس کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ ایک ہزار 112 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری والے یہ کلسٹرس، تملناڈو کے Pillai Pakkam اور Manallur میں قائم کیے جائیں گے۔

اِس پہل کا مقصد عالمی الیکٹرونکس سسٹم ڈیزائن اینڈ مینوفیکچرنگ، ESDM کے شعبے میں بھارت کی پوزیشن کو مضبوط کرنا ہے۔ یہ اعلان کَل چنئی میں Zetwerk الیکٹرونکس کے نئے مینوفیکچرنگ مرکز کے افتتاح کے موقع پر کیا گیا۔

اِس دوران جناب ویشنو نے کہا کہ قریب پندرہ ایکڑ پر پھیلا یہ مرکز، تملناڈو کی الیکٹرونکس مینوفیکچرنگ صنعت اور بھارت کے ESDM مارکیٹ میں 500 ارب تک پہنچنے کے خواب کی تکمیل میں اہم کردار ادا کرے گا۔

S/B Ashwini Vaishnaw - Clusters

وزیر موصوف نے اِس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ تملناڈو، حکومت کی بڑھتی امداد اور چھ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ریلوے بجٹ کے ساتھ الیکٹرونکس مینوفیکچرنگ کے بڑے مرکز کے طور پر ابھرا ہے۔

جناب ویشنو نے مزید کہا کہ بھارت کا الیٹرونکس  مینوفیکچرنگ کا شعبہ تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ جناب ویشنو کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی کے نظریے کے تحت بھارت عالمی مینوفیکچرنگ کا مرکز بنتا جا رہا ہے اور وہ اِس ترقی کا اہم استفادہ کنندہ ہے۔x

Vaishnaw on PM

India Morgan Stanley

مالیاتی خدمات سے متعلق عالمی فرم Morgan Stanley کی ایک رپورٹ کے مطابق بھارت، جرمنی کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 2028 تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2023 میں بھارت کی معیشت 3 اعشاریہ 5 ٹریلین ڈالر کے بقدر تھی، جو 2026 تک بڑھ کر 4 اعشاریہ 7 ٹریلین ڈالر تک پہنچ جائے گی۔ عالمی مالیاتی خدمات سے متعلق فرم کا کہنا ہے کہ 2028 میں بھارت معاشی اعتبار سے، جرمنی سے آگے نکل جائے گا، کیونکہ اُس کی معیشت میں 5 اعشاریہ 7 ٹریلین ڈالر تک کی وسعت ہوگی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت دنیا کے ایسے صارفین کے بازار کے طور پر اُبھرا ہے، جس کی بہت زیادہ مانگ ہے اور

اُس نے مستحکم بڑی معاشی پالیسیوں اور بہتر بنیادی ڈھانچے سے فائدہ حاصل کر کے عالمی مجموعی پیداوار میں اپنا حصہ بڑھایا ہے۔

BJP نے کہا ہے کہ یہ غیر معمولی کامیابی محض اتفاق نہیں بلکہ یہ برسوں کی مثالی قیادت اور جرأتمندانہ معاشی اصلاحات کا نتیجہ ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں BJP نے کہا ہے کہ جب وزیر اعظم نریندر مودی نے اقتدار سنبھالا تھا تو انہوں نے بدلاؤ کا ایک عمل طے کیا تھا۔ پارٹی نے کہا ہے کہ میک اِن انڈیا اور ڈیجیٹل انڈیا جیسے اقدامات نے صنعتی اختراع کی لہر پیدا کی اور گاؤوں کو مینوفیکچرنگ مراکز میں تبدیل کیا اور شہروں کو معاشی مراکز کے طور پر پھلنے پھولنے کا موقع فراہم کیا۔×

Padma Awards

آئندہ سال یومِ جمہوریہ کے موقع پر 2026 کے پدم ایوارڈس کیلئے نامزدگیوں کا عمل شروع ہوگیا ہے، جن کا اعلان اگلے سال یومِ جمہوریہ پر کیا جائے گا۔ درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔ نامزدگیوں اور سفارشات کو صرف راشٹریہ پرسکار پورٹل کے ذریعے ہی قبول کیا جائے گا۔

پدم ایوارڈس میں پدم ویبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری، بھارت کے سب سے اعلیٰ تر شہری اعزازات میں شامل ہیں، جو آرٹ، ادب، تعلیم، کھیل کود، ادویہ، سماجی کام کاج، سائنس، عوامی امور، سول سروس اور صنعت جیسے شعبوں میں غیرمعمولی کامیابیوں کو تسلیم کرنے کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ تمام افراد بلاتفریق مذہب، پیشہ یا صنف، اِس کیلئے اہل ہیں۔×

PM Podcast

وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ Lex Fridman کے ساتھ اُن کے آج نشر ہونے والے Podcast انٹرویو کو سنیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ Lex Fridman Podcast کے میزبان، Fridman کے ساتھ اُن کی گفتگو بہت بارآور اور مثبت رہی۔ بات چیت میں، مودی کے بچپن، ہمالیہ میں اُن کے گزرے ہوئے سالوں اور عوامی زندگی میں اُن کے سفر سمیت بہت سے موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

Fridman نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کے ساتھ تین گھنٹے کی بات چیت یادگار رہی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں پوڈکاسٹر نے کہا کہ یہ اُن کی زندگی کی سب سے بارآور اور انتہائی اثر انگیز بات چیت تھی۔ x

Mandaviya FIT Hindia Carnival

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا آج نئی دلّی کے JLN اسٹیڈیم میں فٹ انڈیا Carnival کا افتتاح کریں گے۔ اس تین روزہ فٹنس اور تندرستی سے متعلق فیسٹیول کا مقصد ایک صحتمند اور سرگرم طرزِزندگی کو فروغ دینا ہے، جو ایک جسمانی طور پر بہتر، زیادہ صحتمند اور فکر سے آزاد قوم کے فٹ انڈیا تحریک کے وژن کے عین مطابق ہے۔

اس تقریب میں Rope Skipping، اسٹیشنری سائیکلنگ، آرمڈ ریسلنگ، کرکٹ گیندبازی اور دیگر سمیت کھیل کود کی بہت سی سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ افتتاح میں نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزیر مملکت رَکشا Khadse اور بالیووڈ کے اداکار آیوشمان کھورانہ بھی شرکت کریں گے۔

تقریب کے دوران، آنے والے کھیلو انڈیا پیرا گیمز کے Logo اور ترانے کی بھی نقاب کشائی کی جائے گی۔

کھیلو انڈیا پیرا گیمز، اِس مہینے کی 20 تاریخ سے قومی راجدھانی میں شروع ہوں گے۔x

Amis Shah Assam

مرکزی وزیر امت شاہ آج آسام میں کئی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ وہ شمال مشرقی ریاستوں آسام اور میزورم کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ جناب شاہ نے کل آسام کے ضلع گولاگھاٹ میں ایک پولیس اکیڈمی کا افتتاح کیا تھا اور میزورم کی راجدھانی آئزول میں آسام رائفلز کے ایک پروگرام میں شرکت کی تھی۔ آج صبح وزیر داخلہ متعدد پروگراموں میں شرکت کے لیے میزورم سے آسام جائیں گے۔

مزید جانکاری ہمارے نامہ نگار سے:

VC Aminul

وزیر داخلہ امت شاہ آج سہ پہر کوکراجھار ضلع کے Dotma میں All Bodo Students Union کی 57 ویں سالانہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ دن میں دیر گئے وزیر داخلہ گوہاٹی میں شمال مشرق کی آٹھ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کے ساتھ شمال مشرقی ریاستوں میں نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیں گے۔ شام کو وہ دلّی واپس آجائیں گے۔

گوہاٹی سے امینُل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

Myanmar Airstrike

میانما میں جمہوریت نواز مزاحمتی گروپ کے کنٹرول والے ایک گاؤں پر فوج کی جانب سے کیے گئے فضائی حملے میں کم ازکم 27 شہری ہلاک ہوگئے۔ مرنے والوں میں چھ بچے بھی شامل ہیں۔ Mandalay پیپلز ڈیفنس فورس کے ترجمان نے بتایا کہ Singu شہرکے Let Pan Hla گاؤں میں کل رات کیے گئے فضائی حملے میں کم از کم 30 لوگوں کی موت ہوگئی۔

Mandalay پیپلز ڈیفنس فورس، میانمار کی اپوزیشن حمایت کرتی ہے اور اِس نے گذشتہ سال جولائی میں Singu شہر پر قبضہ کر لیا تھا۔

فوجی حکومت نے مسلح جمہوریت نواز پیپلز ڈیفنس فورس اور نسلی طور پر اقلیتی گوریلا گروپوں کے خلاف فضائی حملے تیز کردیے ہیں۔یہ گروپ دہائیوں سے وسیع تر خود مختاری کے لیے لڑ رہے ہیں۔ x

US Yemen Strike

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے حکم کے بعد امریکہ نے کَل یمن کی راجدھانی صنعا پر سلسلہ وار فضائی حملے کیے۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغیوں پر تب تک زبردست حملے جاری رکھیں گے، جب تک وہ اہم بحری راہداری سے گزرنے والے بحری جہازوں پر حملے نہیں روک دیتے۔

جناب ٹرمپ نے کہا کہ امریکی فوجوں نے امریکہ کے جہازرانی، فضائی اور بحری اثاثوں کی حفاظت اور آزادانہ جہاز رانی کی بحالی کے لیے دہشت گردوں کے ٹھکانوں، اُس کے رہنماؤں اور میزائل دفاعی نظام پر فضائی حملے کیے ہیں۔

امریکہ کے صدر نے مزید کہا کہ کوئی دہشت گردانہ طاقت، امریکہ کی تجارتی اور بحری کشتیوں کی دنیا کی آبی گذرگاہوں سے آزادانہ آمدروفت پر روک نہیں لگا سکتی۔

جناب ٹرمپ نے ایران کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ باغی گروپ کی حمایت کرنا بند کرے ورنہ حوثیوں کی کارروائی کے لیے ایران کو پوری طرح ذمہ دار سمجھا جائے گا۔

خبر کے مطابق کل شام حوثیوں کے زیرِ قبضہ علاقے میں کئی دھماکے ہوئے۔

یہ فضائی حملے ایسے وقت میں ہو رہے ہیں جب کچھ دن پہلے حوثیوں نے کہا تھا کہ وہ اسرائیل کی جانب سے غزہ کی ناکہ بندی کے جواب میں یمن کے ساحل سے گزرنے والی اسرائیلی کشتیوں پر اپنے حملے دوبارہ شروع کریں گے۔x

J&K Cabinet

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے واضح کیا ہے کہ نوکریوں میں بھرتی کے لیے ریزرویشن کے پیچیدہ معاملے کی جانچ کے لیے تشکیل دی گئی کابینہ کی ذیلی کمیٹی کو اپنی رپورٹ مکمل کرنے کے لیے 6 ماہ کی مہلت دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے یہ بیان اُس وقت دیا، جب حکومت نے قانون ساز اسمبلی میں ایک تحریری جواب میں کہا کہ ریزرویشن کے ضابطوں سے متعلق شکایتوں کے ازالے کی جانچ کے لیے تشکیل دی گئی کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی طرف سے رپورٹ پیش کرنے کے لیے کوئی مخصوص تاریخ طے نہیں کی گئی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب عبداللہ نے کہا کہ وقت کی مدّت اُن کی جانب سے طے کی گئی تھی، جب انہوں نے روزگار کے خواہشمند امیدواروں کے ایک متعلقہ گروپ کے ساتھ میٹنگ کی تھی۔

البتہ وقت کی یہ مدّت ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کے لیے ابتدائی آرڈر میں نہیں تھی۔×

## Kashmir Snowfall

کشمیر کے بہت سے علاقوں میں، جن میں میدانی علاقے شامل ہیں، کل تازہ برفباری ہوئی ہے جبکہ وادی کے دیگر حصوں میں ہلکی سے متعدل بارش ہوئی۔

اننت ناگ، کلگام، شوپیاں اور پلوامہ ضلعوں کے میدانی علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی جبکہ گلمرگ، سون مرگ اور پہلگام کے سیاحتی مقامات پر بھی برفباری ہوئی ہے۔ بانڈی پورہ ضلع کے Gurez، کپواڑہ کے کچھ علاقوں اور وادی کے بالائی حصوں میں بھی برفباری ہوئی ہے۔ کشمیر کے دیگر حصوں میں ہلکی سے معتدل بارش ہوئی ہے۔x

## IMD Heatwave

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے آج اُڈیشہ کے  دور دراز کے علاقوں میں گرم لہر اور شدید گرم لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق امکان ہے کہ آج وِدربھ، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ اور شمالی تلنگانہ کے علاوہ گنگوتری مغربی بنگال، سوراشٹر اور کَچھ میں آئندہ دو دن کے دوران گرم لہر اور لُو چلنے کا امکان ہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر سوما سین رائے نے بتایا کہ آج تک کے لیے اُڈیشہ میں شدید گرم لہر کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے، جبکہ جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں آئندہ دو دن کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا گیا۔

محکمہئ موسمیات نے ساحلی آندھرا پردیش، یانَم، کیرالہ اور ماہے کے دوردراز علاقوں میں آج گرمی اور حبس کے حالات کی پیشگوئی بھی کی ہے۔

IMD نے آج اتراکھنڈ میں اور اروناچل پردیش میں  آئندہ دو دن کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اگلے دو دن کے دوران آسام میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں تیز ہوائیں اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔×

Cricket WPL

خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ فائنل مقابلے میں ممبئی انڈینس نے ڈیلی کیپیٹلس کو 8 رن سے ہرا کر دوسری مرتبہ خطاب جیت لیا ہے۔ ڈیلی کیپیٹلس لگاتار تیسری مرتبہ اس خطاب سے محروم رہا۔ کل ممبئی کے Brabourne اسٹیڈیم میں کھیلے گئے خطابی مقابلے میں ہرمن پریت کور کی 44 گیندوں میں 66 رن کی بدولت ممبئی انڈینس نے 7 وکٹ کے نقصان پر 149 رن بنائے تھے۔ جواب میں ڈیلی کیپیٹلس کی ٹیم 9 وکٹ پر 141 رن ہی بنا سکی۔ ہرمن پریت کور کو اُن بہترین بلّے بازی کے لیے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا، جبکہ Nat Sciver-Brunt کو ٹورنامنٹ کا سب سے بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ انہوں نے اس سیزن میں اپنے 523 رن کے لیے اورینج کیپ بھی جیتا۔×

Sports Round UP

کشتی سے متعلق بھارتی فیڈریشن WFI نے عالمی چیمپئن شپ میں تمغے حاصل کرنے والے پہلوان دیپک پونیا اور Antim Panghal سمیت 30 پہلوانوں کو سینئر ایشین چیپئن شپ کے لیے چنا گیا ہے، جو 25 سے 30 مارچ کو اُردن کے مقام عمّان میں ہوگی۔ مردوں کے فری اسٹائل اور Greco-Roman میں دس دس پہلوانوں کو چُنا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا کی طرف سے خواتین کے زمروں میں سلیکشن کے لیے ٹرائلس کا اہتمام کیا گیا۔

فٹ بال انڈین وومینس لیگ میں کل اُڈیشہ میں بھوبنیشور کے کلنگا اسٹیڈیم میں Gokulam کیرالہ نے موجودہ چیمپئن اُڈیشہ ایف سی تین ایک سے ہرا دیا۔

جبکہ ایک دوسرے میچ میں ایسٹ بنگال ایف سی نے کل شام کرناٹک میں بنگلور فٹبال اسٹیڈیم میں Kickstart FC کرناٹک کو دو-صفر سے ہرایا۔ اس جیت سے ایسٹ بنگال ایف سی پوائنٹ کے اعتبار سے سرِ فہرست ہے۔ اُس نے 8 میچوں میں 21 پوائنٹ حاصل کر لیے ہیں، جبکہ Kickstart FC کرناٹک 8 میچوں میں 6 پوائنٹ کے ساتھ نیچے سے دوسرے نمبر پر ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخبارات نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ مودی کی قیادت میں آسام اب ترقی کی راہ پر گامزن، آسام میں 27 ہزار کروڑ روپے کی سیمی کنڈکٹر صنعت لگائی جا رہی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے میزورم حکومت کو آسام رائفلز بٹالین کی زمین کی منتقلی اور نقشوں کا باضابطہ تبادلہ۔ ووٹر فوٹو شناختی کارڈ پر الیکشن کمیشن کی اگلے ہفتے میٹنگ، اس خبر کو پرتاپ نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار ملاپ لکھتا ہے سنیتا ولیمز کی گھر واپسی کی راہ ہموار، ناسا نے خلائی مشن روانہ کیا۔ راشٹریہ سہارا کی ایک سرخی ہے امریکہ نے جنوبی افریقہ کے سفیر کو ملک بدر کیا۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے امریکہ میں 41 ملکوں پر سفری پابندی لگانے پر غور، کابینی افسروں کو فہرست پیش کرنے کا حکم۔

اخبارات نے تلنگانہ میں ریکارڈ 64 ماؤنوازوں کی  خود سپردگی کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- جنگ بندی کی بات چیت کے درمیان روس اور یوکرین کے ایک دوسرے پر بڑے فضائی حملے۔

- اقلیتوں کے تحفظ کے لیے ملک شام میں اپنی افواج تعینات نہیں کریں گے: نائب امریکی صدر کا بیان۔

- 63 ہزار ٹن خوراک غزہ کی ناکہ بندی ختم ہونے کے انتظار میں: اقوام متحدہ کا بیان۔

- قاہرہ میں حماس کا وفد مذاکرات کے لیے موجود، مصری حکام پُر امید۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1-    1-    مرکز نے تمل ناڈو میں Pillai Pakkam اور Manallur میں دو بڑے الیکٹرانِکس کلسٹرس کے قیام کا اعلان کیا ہے۔

2-    مالیاتی خدمات سے متعلق فرم Morgan Stanley نے کہا ہے کہ بھارت جرمنی کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 2028 تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔

3-    اگلے سال یومِ جمہوریہ کے موقع پر اعلان ہونے والے پدم ایوارڈز 2026 کے لیے نامزدگیوں کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

4-    میانما میں جمہوریت حامی مزاحمتی گروپ پر فوج کی طرف سے کیے گئے ہوائی حملے میں کم از کم 27 ہلاک اور 30 زخمی ہو گئے۔

5-    کشمیر وادی میں، پھر سے برفباری ہوئی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے آج اُڈیشہ میں گرم لہر کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔

6-    اور کرکٹ میں ممبئی انڈینس نے ڈیلی کیپیٹلس کو 8 رن سے ہرا کر خواتین کا دوسرا پریمیر لیگ کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔